# خیبر ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

نوٹس ہذا سے مطلع کیا جاتا ہے کہ خیبر ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاس عام مؤرخہ **16 فروری، 2023** ء بروز **جمعرات** بوقت 11 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع نوشہرہ روڈ، مردان میں مندرجہ ذیل **عمومی امور** پر بحث کے لئے منعقد ہوگا:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت 16 فروری 2023ء سے عرصہ تین (03) برس کے لئے سات (07) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کی پیروی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (07) مقرر کی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام حسب ذیل ہیں:

1. مسز سمیرا عرفان
2. مسٹر پیر فرحان شاہ
3. مسٹر پیر وارث شاہ
5. مسٹر حضرت بلال
6. مسٹر خلیل الرحمٰن
7. مسٹر ضیاء الرحمٰن

ڈائریکٹرز کے انتخاب کی بابت کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166 کے تحت مادی حقائق کا اعلامیہ اراکین کو بھیجنے جانے والے نوٹس برائے EOGM کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔

**دیگر امور:**

چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کو زیر غور لانا۔

بحکم بورڈ

(پیر فرحان شاہ)

کمپنی سیکریٹری

تاریخ: 24 جنوری 2023

**مندرجات:**

**1. شیئر ٹرانسفر Books کی بندش**

(i) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر Books غیر معمولی اجلاس عام کی غرض سے 07 فروری 2023ء تا 16 فروری 2023ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔

**2. پراکسیز کی تقرری**

(i) اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کا مجاز رکن کمپنی اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ کرنے کے لئے کسی دوسرے شخص کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارآمد کرنے کی غرض سے باقاعدہ مہر و دستخط شدہ پراکسی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع نوشہرہ روڈ، مردان کو وصول ہو جانی چاہئیں۔ تعطیل کے علاوہ کسی بھی رکن کو رخصت نہیں دی جائے گی۔ کوئی بھی رکن ایک سے زائد پراکسی مقرر کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ رکن کے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔ اراکین کو ارسال کے لئے جانے والے نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم منسلک ہے اور یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.khybertobacco.com پر بھی دستیاب ہے۔

(ii) فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا گروپ اکاؤنٹ میں سکیورٹیز کے مالک اور ضوابط کے تحت شائع کردہ رجسٹریشن تفصیلات کے حامل افراد مذکورہ بالا معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

(iii) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہوں گے جس پر ان کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر درج ہوں گے۔

(iv) مستفید ہونے والے مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے۔

(v) پراکسی اجلاس کے موقع پر اپنا اصلی شناختی کارڈ یا اصلی پاسپورٹ پیش کرے گا/ کی۔

(vi) کاروباری ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ بمعہ نامزد فرد کے نمونہ کے دستخط اجلاس کے موقع پر پیش کیا جائے گا (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

(vii) **CDC اکاؤنٹ ہولڈرز** SECP کے مؤرخہ 26 جنوری 2000ء کے مراسلہ نمبر 1 میں بیان کردہ ہدایات پر عمل کریں گے۔ CDC میں انویسٹر اکاؤنٹ کے مالک اراکین کو اپنی CDC تفصیلات، آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر ہمراہ لانی ہوں گی۔

3. **ڈائریکٹرز کا انتخاب**

(i) انتخاب میں حصہ لینے والے افراد کی تعداد اگر منتخب کیے جانے والے بورڈ کی مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے تجاوز کر جائیں تو اراکین کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) قواعد 2018ء کے تحت ذاتی طور پر/بذریعہ پراکسی/پوسٹل بیلٹ اپنا رائے شماری کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔ اراکین کی سہولت کے لئے اراکین کو بھیجے جانے والے نوٹس ہذا کے ساتھ بیلٹ پیپر منسلک کیا گیا ہے۔ یہ کمپنی کی ویب سائٹ www.khybertobacco.com پر بھی دستیاب ہے۔

(ii) **بیلٹ ووٹنگ کا طریقہ کار**

اراکین یقینی بنائیں گے کہ باقاعدہ پر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ نقل شناختی کارڈ اجلاس کے انعقاد سے ایک روز قبل کام کے اوقات کار کے دوران اجلاس کے چیئرمین کے نام بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ نوشہرہ روڈ، مردان یا بذریعہ ای میل فروری 15، 2023 کو پہنچ جائیں۔ بیلٹ پیپر پر کئے جانے والے دستخط شناختی کارڈ کے دستخط سے میل کھانے چاہئیں۔

4. **پتہ میں تبدیلی**

اراکین سے گذارش ہے کہ وہ اپنے پتہ میں تبدیلی سے متعلق فی الفور آگاہ کریں۔ مزید رہنمائی کے لئے، اراکین کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ کر سکتے ہیں:

| رجسٹرڈ آفس | **KTCL** رجسٹرار |
|---|---|
| کمپنی سیکریٹری | میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ |
| خیبر ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ، | CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B |
| نوشہرہ روڈ، مردان، | S.M.C.H.S. مرکزی شاہراہِ فیصل، |
| خیبر پختونواہ، پاکستان | کراچی، پاکستان |

5. **CDC اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا ڈیپازٹ**

a. کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 72 کے مطابق لسٹڈ کمپنی کے لئے SECP کے مقررہ کردہ طریقہ کار کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز بک انٹری فارم (CDC اکاؤنٹ) میں تبدیل کرنا لازمی ہے۔ مزید یہ کہ، SECP نے 26 مارچ 2021ء کے اپنے مراسلہ کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کر کے ان کے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

b. فزیکل شیئر ہولڈنگ کے مالک اراکین کو کسی بھی بروکر یا انویسٹر اکاؤنٹ سے اپنا CDC ذیلی اکاؤنٹ CDC کے ساتھ براہ راست کھولنے کی تلقین کی جاتی ہے تا کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو غیر کاغذی صورت میں تبدیل کرا سکیں۔ اس طرح ان کو کئی لحاظ سے سہولت سے ملے گی جس میں وہ ہمہ وقت حصص کے محفوظ قبضہ اور فروخت سے مستفید ہو سکتے ہیں کیونکہ پاکستان سٹاک ایکسچینج کے حالیہ ضوابط کے تحت فزیکل شیئرز میں تجارت کی اجازت نہ ہے۔

6. **انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN تفصیل) کی سہولت**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے قواعد اور SECP کے مراسلہ نمبر 2018 (I)421 مؤرخہ 19 مارچ 2021ء کی روشنی میں لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے مجاز اراکین کو اُن کے مقررہ بینک اکاؤنٹ میں نقد منافع منقسمہ کی براہ راست ادائیگی کریں۔ SECP نے لسٹڈ کمپنیز کو یہ ہدایت بھی کی ہے کہ انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کے حصول کے لئے اپنے اراکین سے رابطہ کریں۔ بینک اکاؤنٹ میں منافع منقسمہ کی براہ راست وصولی کے لئے فزیکل فارم میں شیئر ہولڈنگ کے حامل اراکین کو باقاعدہ دستخط شدہ IBAN تفصیلات بمعہ نقل شناختی کارڈ کمپنی کے رجسٹرار، شیئر رجسٹرار میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، 99-B، بلاک B، S.M.C.H.S. مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی کو فراہم کرنے کی گذارش کی جاتی ہے۔ CDS میں بک اینٹری فارم کی صورت میں شیئر ہولڈنگ کے مالک اراکین کو متعلقہ بروکر/شریک/CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو اپنی IBAN کی تفصیلات جمع کرانے کی تجویز دی جاتی ہے۔

..........................................................☆☆☆☆..........................................................

# خیبر ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت مادی حقائق کا اعلامیہ

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت ڈائریکٹرز کا انتخاب عرصہ تین برس کے لئے کیا جاتا ہے۔ ڈائریکٹرز کے لئے سابقہ رائے شماری 20 جون 2017 کو کی گئی تھی۔ چند رکاوٹوں کے باعث، 20 جون 2020 کو درکار الیکشن منعقد نہیں کیا جا سکا۔ تاخیر سے متعلق کمپنیوں کے رجسٹرار، SECP پشاور کو آگاہ کیا گیا تھا۔ چونکہ الیکشن کے انعقاد میں نامناسب تاخیر ہوئی لہٰذا شیئر ہولڈرز کی کثیر تعداد نے ایکٹ کے سیکشن (3)158 کے تحت کمپنیوں کے رجسٹرار، SECP پشاور کو ڈائریکٹرز کے الیکشن منعقد کرنے کے لئے ہدایات جاری کرنے کی غرض سے درخواست دی۔ 28 فروری 2023ء تک انتخاب کے انعقاد کے لئے متعلقہ رجسٹرار سے ہدایات وصول ہوئیں۔ مذکورہ ہدایات نامہ کی تعمیل میں 16 فروری 2023ء کو الیکشن کا انعقاد کیا جائے گا۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ضوابط 2019ء کی روشنی میں، کمپنی کے لئے دو آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب بذریعہ الیکشن پراسیس لازمی ہے۔ کوئی بھی شخص جو سیکشن 153 کے تحت اہل ہو اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)166 کے معیار پر پورا اترتا ہو انتخاب میں حصہ لینے کی غرض سے آزاد ڈائریکٹرز کے لئے اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرا سکتا ہے۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اسی انداز میں کیا جائے گا جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ ڈائریکٹرز کے امیدواروں کی حتمی فہرست کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (4)159 کی پیروی میں الیکشن کی تاریخ سے کم از کم سات یوم قبل اخبار میں شائع کر دی جائے گی۔

(پیر فرحان شاہ)

کمپنی سیکریٹری

# خیبر ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ

**ٹیلی فون: 0937-844668, 844639**

www.khybertobacco.com

## 16 فروری 2023ء بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے دن کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع نوشہرہ روڈ، مردان میں منعقدہ رائے شماری کی غرض سے بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے لئے بیلٹ پیپر

چیئرمین کا مقررہ ای میل ایڈریس جس میں باقاعدہ پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجے جائیں گے **ktcl.accounts@khybertobacco.com**

| | |
|---|---|
| نام شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| تعداد ملکیتی حصص وفولیو نمبر | |
| شناختی کارڈ نمبر (نقل منسلک کریں) | |
| اضافی معلومات اور ضمنیات (کاروباری ادارے، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں) | |

میں/ہم یہاں بذریعہ پوسٹل بیلٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب کی بابت اپنا/ہمارا حق رائے دہی استعمال کرتے ہیں۔

| نمبر شمار | نام ڈائریکٹرز | ڈائریکٹر کے حق میں ووٹنگ کے لئے استعمال کئے جانے والے عمومی حصص کی تعداد | تعداد ووٹ (تعداد ووٹنگ شیئرز × منتخب کئے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد) |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

دستخط شیئر ہولڈر/ہولڈرز

مقام:

تاریخ:

**نوٹس:**

1. باقاعدہ پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین (چیئرمین کا نام، کاروبار، پتہ اور ای میل ایڈریس) کو بھیجا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ کی نقل منسلک کی جائے۔
3. پوسٹل بیلٹ فارم 15 فروری 2023 تک اجلاس کے چیئرمین کو پہنچ جائیں۔ اس تاریخ کے بعد موصول پوسٹل بیلٹ کو رائے شماری کے لئے زیر غور نہیں لایا جائے گا۔
4. پوسٹل بیلٹ کے دستخط شناختی کارڈ کے دستخط سے میل کھانے چاہئیں۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، بدنما، پھٹے ہوئے، مسخ شدہ اور دو مرتبہ لکھے ہوئے بیلٹ پیپر کو مسترد کر دیا جائے گا۔